# آرکروما پاکستان لمیٹڈ

ARCHROMA
LIFE ENHANCED

# اعلان

ہم مسرت کیساتھ مطلع کرتے ہیں کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس جمعرات 27 اکتوبر، 2022 کو منعقد ہوا جس میں 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے حتمی کیش ڈیویڈنڈ @200% (یعنی فی شیئر-/Rs.20)، کا اعلان کیا گیا۔

حتمی کیش ڈیویڈنڈ کیلئے حقدار شیئر ہولڈرز کا تعین کرنے کی ضمن میں، شیئر ٹرانسفر بکس 20 دسمبر، 2022 سے 27 دسمبر 2022 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری بلاک -6 P.E.C.H.S شاہراہ فیصل، کراچی کی جانب سے 19 دسمبر 2022 تک موصول شدہ ٹرانسفرز برائے کیش ڈیویڈنڈ ٹرانسفریز کے حقدار کیلئے بروقت تصور کئے جائیں گے۔

## الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی تعمیل میں پبلک لسٹڈ کمپنی کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک موڈ کے ذریعے نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف اہل شیئر ہولڈر کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرے۔

لہذا، آرکروما پاکستان لمیٹڈ کے تمام شیئر ہولڈرز، جنہوں نے اپنے بینک کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں، ایک بار پھر اس پبلک نوٹس کے ذریعے درخواست کی گئی ہے کہ حقص کی الیکٹرانک شکل کے لیے وہ اپنے بینک کے نام، برانچ کا پتہ، CNIC نمبر اور درست ای میل ایڈریس بشمول اپنا درست اور مکمل 24 ہندسوں والا IBAN سی ڈی سی کے متعلقہ شرکاء/ انویسٹرز اکاؤنٹ سروسس کو اپ ڈیٹ کریں، فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہرہ فیصل کراچی کو اپ ڈیٹ کریں۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ اگر شیئر ہولڈرز کی جانب سے ضروری معلومات فراہم نہیں کی جاتی ہیں تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(3) کے مطابق، لسٹڈ کمپنیز ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی حقدار ہیں۔

ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ http://www.archroma.com.pk پر دستیاب ہے۔

کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف اکاؤنٹ نمبر کی بنیاد پر عمل میں لائی جائے گی۔ آپ کی کمپنی آپ کی ہدایات کے مطابق اکاؤنٹ نمبر پر انحصار کرنے کی اہل ہے۔

کمپنی کسی بھی مانع، نقصان، واجبات یا دعوے کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگی جو براہ راست یا بالواسطہ کسی غلطی، تاخیر، یا اس کی کسی بھی ذمہ داری کی انجام دہی میں ناکامی کی وجہ سے ہو جو کہ ادائیگی کی غلط ہدایات اور/ یا اس سے بعد کسی بھی واقعے کی وجہ سے ہوئی ہو۔

تمام شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کیش ڈیویڈنڈ CCDR کے ذریعے فراہم کیا جائے گا، اس لیے وہ خود کو CDC کے ای-سروس پورٹل پر رجسٹر کرائیں۔ https://eservices.cdcaccess.com.pk

## شناختی کارڈ کی کاپی جمع آوری (لازمی)

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، وہ اراکین جنہوں نے تاحال اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (NTN) فراہم نہیں کیے ہیں، ان درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے درست CNIC اور/ یا NTN سرٹیفکیٹس کی کاپیاں جلد از جلد فراہم کریں:

- تمام فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جمع کرائیں۔
- سنٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت اپنے شیئر ہولڈنگز کو برقرار رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/ CDC انویسٹرز اکاؤنٹ سروس کو جمع کرائیں۔

ایس ای سی پی کی ہدایات اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 243(2)(a) کے مطابق کمپنی درست CNIC (بصورت انفرادی) اور قومی ٹیکس نمبر (بصورت کارپوریٹ ادارہ) کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈیویڈنڈ کو روکنے کی پابند ہے۔

## فائلر اور نان فائلر کے لیے انکم ٹیکس کی کٹوتی

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے، اگر کوئی ہے تو، یکم جولائی 2022 سے لاگو ہونے والے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں حسب ذیل ہیں۔

a) ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (ATL) میں موجود شیئر ہولڈرز کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح 15 فیصد

ب) ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں موجود نہ ہونے والے شیئر ہولڈرز کے لیے ٹیکس کٹوتی کی شرح 30 فیصد

کمپنی کو 30 فیصد کی بجائے 15 فیصد کیش ڈیویڈنڈ کی رقم میں ٹیکس کٹوتی کرنے کے قابل بنانے کے لیے، ایسے شیئر ہولڈرز جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، اس امر کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام ATL میں درج ہیں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد ٹیکس کٹوتی کی جائے گا۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق، مشترکہ اکاؤنٹس کی صورت میں ود ہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈرز کے 'فائلر/ نان فائلر' اسٹیٹس پر ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا، اس سلسلے میں تمام شیئر ہولڈرز جو مشترکہ طور پر شیئر رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈنگ اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر فراہم کریں:

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (حصص کی تعداد) |

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہرہ فیصل کراچی کو جلد از جلد فراہم کی جائیں۔ بصورت دیگر، یہ تصور کیا جائے گا کہ حصص کی تعداد پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے پاس برابر ہے۔

جو ممبران انکم ٹیکس کی کٹوتی سے استثنٰی کے خواہاں ہیں یا کم شرح پر کٹوتی کے اہل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایک درست ٹیکس استثنٰی سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت پیش کریں جیسا بھی معاملہ ہو، غیر کٹوتی کے خواہشمند ممبران سے بھی درخواست ہے کہ وہ اختتام کار سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کا ایک درست اعلامیہ جمع کرائیں بصورت دیگر قابل اطلاق نرخوں کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔

## سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع آوری

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق کمیشن کی جانب سے مطلع کردہ تاریخ سے چار سال سے زیادہ کی مدت کے اندر ایکٹ کا آغاز یعنی 30 مئی 2017 تک ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنا لازمی ہے ۔مزید براں، ایس ای سی پی نے اپنے 26 مارچ 2021 کے لیٹر کے ذریعے ایکٹ کے سیکشن 72 کی تعمیل اور شیئر ہولڈرز کو اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کا مشورہ دیا ہے۔

مندرجہ بالا کے پیش نظر، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولیں یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم میں رکھیں، اس سے انہیں کئی طریقوں سے سہولت ملے گی، بشمول محفوظ تحویل اور جب بھی وہ چاہیں حصص کی فروخت،، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

حسب الحکم بورڈ

کراچی۔

تاریخ: 27 اکتوبر 2022ء

ایم عرفان لاکھانی
کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

فزیکل فارم میں شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ شیئر رجسٹرار کو صحیح طریقے سے پُر کرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی میں حصص رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء/ سرمایہ کار اکاؤنٹ کی خدمات میں صحیح طریقے سے بھرنے کے بعد مطلوبہ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کرائیں۔